شعبہ نشرو اشاعت تنظیم اسلامی پاکستان
36کے، ماڈل ٹائون لاہور، فون:042-35869501، ای میل: media@tanzeem.org

27 اکتوبر 2022ء

پریس ریلیز

مقبوضہ کشمیر سے بھارت کا غاصبانہ تسلط ختم کروانا پاکستان ہی نہیں امتِ مسلمہ کی دینی ذمہ داری ہے۔(شجاع الدین شیخ)

لاہور(پ ر) مقبوضہ کشمیر سے بھارت کا غاصبانہ تسلط ختم کروانا پاکستان ہی نہیں امتِ مسلمہ کی دینی ذمہ داری ہے۔ یہ بات تنظیم اسلامی کے امیر **شجاع الدین شیخ** نے ایک بیان میں کہی۔ اُنھوں نے کہا کہ ہم 27 اکتوبر کا دن اہلِ کشمیر کے ساتھ اظہارِ یکجہتی میں یومِ سیاہ کے طور پر مناتے ہیں۔ مقبوضہ کشمیر کے حوالے سے بھارت کے عزائم بڑے خطرناک ہیں لٰہذا اب محض یومِ سیاہ منانے کی بجائے امتِ مسلمہ کو مل کر عملی قدم اُٹھانے کی ضرورت ہے۔ حقیقت یہ ہے کہ عالمی خصوصاً ہمارے خطے کی بدلتی ہوئی صورتِ حال نے اب مقبوضہ کشمیر کی آزادی کو پاکستان کی سلامتی کے ساتھ نتھی کر دیا ہے چونکہ بھارت نے آئین کی شق 370 اور A-35 کو ختم کر کے مقبوضہ کشمیر کو بھارت میں ضم کر لیا ہے جو پاکستان کے لیے کھلا چیلنج ہے۔ علاوہ ازیں بھارت نے مقبوضہ کشمیر میں ظلم و ستم میں بے تحاشہ اضافہ کر دیا ہے اور مقبوضہ کشمیر کو ایک بڑی جیل میں تبدیل کر دیا ہے۔ اُنھوں نے کہا کہ اِس وقت مقبوضہ کشمیر میں مقبول ترین نعرہ" پاکستان سے رشتہ کیا لا الٰہ الا اللہ ہے۔" سوال یہ ہے کہ پاکستان میں اگر اسلامی نظام کا نفاذ نہیں ہوتا تو اِس نعرے کو عملی شکل کیسے دی جا سکے گی۔ اگر پاکستان حقیقی معنوں میں ایک اسلامی فلاحی ریاست بن جائے اور اُس کے ثمرات دنیا کے سامنے آ جائیں تو بھارت کے لیے ممکن ہی نہیں رہے گا کہ وہ مقبوضہ کشمیر میں عوامی تحریک کو دبا سکے لٰہذا ہمارے لیے کرنے کا اصل کام یہ ہے کہ ہم نظریہ پاکستان کو عملی تعبیر دیں تاکہ اہلِ کشمیر کو ایک خصوصی کشش محسوس ہو اور اُن کی پاکستان کا حصہ بننے کی تحریک اتنی زور آور ہو جائے کہ بھارت کے لیے اُسے روکنا ممکن نہ رہے۔ تب ہی کشمیر بنے گا پاکستان کا نعرہ حقیقت کا روپ دھارے گا۔

جاری کردہ

ایوب بیگ مرزا
مرکزی ناظم نشرواشاعت، تنظیم اسلامی پاکستان

TANZEEM-E-ISLAMI

PRESS RELEASE: Thursday 27 October 2022

"It is the religious duty of the entire Muslim Ummah, including Pakistan, to guarantee the freedom of Kashmir from brutal Indian Occupation."

(Shujauddin Shaikh)

Lahore (PR): "It is the religious duty of the entire Muslim Ummah, including Pakistan, to guarantee the freedom of Kashmir from brutal Indian Occupation."

This was said by the Ameer of Tanzeem-e-Islami, **Shujauddin Shaikh**, in a statement. He said that we observe 27 October as a black day in solidarity with our oppressed Kashmiri brethren in Indian Occupied Kashmir. However, the intent and plans of India regarding Occupied Kashmir have become extremely treacherous and perilous, therefore, the entire Muslim Ummah ought to take practical steps rather than merely observing the Black Day for tangible solidarity with our oppressed Kashmiri brethren. He remarked that the volatile global situation, particularly that of our region, has now intertwined the freedom of Occupied Kashmir from Indian subjugation to the security of Pakistan, because the Indian actions to abrogate article 370 from its constitution as well as revoking the special status of Kashmir guaranteed in 35-A was an open challenge to Pakistan. Moreover, India has acutely amplified savagery and brutalities against the Muslims of Occupied Kashmir and has converted it into an open-air prison. The Ameer stated that the most prominent and popular slogan in Indian Occupied Kashmir today is "Pakistan se Rishta Kya: La Illaha Ill Allah"! He questioned that if the Islamic System is not enforced in Pakistan, then how would the slogan of our Kashmiri brethren be practically implemented. The Ameer emphasized that if Pakistan is molded into a genuine Islamic Welfare State and its fruits and benefits become visible to the entire world, then it would become impossible for India to suppress the mass movement in Occupied Kashmir. Therefore, the Ameer asserted, the real task for us is that we ought to give practical manifestation to the Ideology of Pakistan, so that our brethren in Occupied Kashmir experience real magnetism to the cause and consequently increase the momentum of their mass movement to become a part of Pakistan to such a magnitude that it becomes impossible for India to overwhelm it. The Ameer concluded by remarking that only then would the slogan "Kashmir will become a part of Pakistan" become a reality.

Issued by
Ayub Baig Mirza
Markazi Nazim of Press and Publications Section
Tanzeem-e-Islami, Pakistan